# اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، کراچی

بختیاری یوتھ سینٹر، نارتھ ناظم آباد، کراچی۔74700

https://www.facebook.com/BIEKarachi/
Website: www.biek.edu.pk


نمبر: بی آئی ای/پی آر/2024/**013** تاریخ: **26** جنوری 2024ء

## پریس ریلیز

اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی نے الحاق شدہ سرکاری ونجی تعلیمی اداروں کے انٹرمیڈیٹ حصہ اول سائنس، کامرس، آرٹس، ہوم اکنامکس گروپس، خصوصی امیدواروں اور ڈپلومہ ان فزیکل ایجوکیشن ومیڈیکل ٹیکنالوجی کے سالانہ امتحانات برائے 2024ء میں شرکت کے خواہشمند اور اہل امیدواروں کیلئے **بروز جمعرات یکم فروری سے 15 فروری 2024ء تک** انرولمنٹ فارم جمع کروانے کی نئی تاریخوں کا اعلان کردیا ہے۔

انٹر بورڈ کے جاری کردہ لیٹر نمبرBIE/ENROLMENT/711/2024 کے مطابق گورنمنٹ تعلیمی اداروں کے طلباء اپنے انرولمنٹ فارم ایک ہزار روپے جرمانے(penalty) کے ساتھ بروز جمعرات یکم فروری2024ء سے 15فروری2024ءتک اپنے تعلیمی اداروں میں جمع کرواسکتے ہیں تعلیمی اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ یہ فارم بروز پیر 19 فروری اور بروز منگل 20فروری2024ءتک انٹر بورڈ کے متعلقہ سیکشن سے ضروری تصدیق کے بعد بورڈ آفس کے کمرہ نمبر 4(اکاؤنٹس سیکشن) میں جمع کروادیں۔

انٹر بورڈ کے جاری کردہ لیٹر نمبرBIE/ENROLMENT/712/2024 کے مطابق پرائیویٹ کالجوں اور ہائر سیکنڈری اسکولوں کے طلباء انرولمنٹ فارم ایک ہزار روپے لیٹ فیس(3100 = 1000 + 2100) کیساتھ بروز جمعرات یکم فروری2024ء سے 15فروری2024ءتک اپنے تعلیمی اداروں میں جمع کرواسکتے ہیں جبکہ تعلیمی ادارے انرولمنٹ فارم انٹر بورڈ کے متعلقہ سیکشن سے تصدیق کے بعد بمع فیسوں کے پے آرڈرز بروز پیر19 فروری اور بروز منگل20 فروری2024ءتک بورڈ آفس کے کمرہ نمبر 4(اکاؤنٹس سیکشن) میں جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔نامکمل انرولمنٹ فارمز قبول نہیں کیے جائیں گے۔

### طلباء کیلئے ضروری ہدایات:

(1) انرولمنٹ فارم اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی کی آفیشل ویب سائٹwww.biek.edu.pk پر بھرے جائیں گے۔

(2) طلباء کو درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

(a) آن لائن انرولمنٹ ویب پورٹل سسٹم پر کلک کریں۔

(b) اگر آپ نئے ہیں تو پہلے اپنی ای میل اور پاس ورڈ کے ذریعہ رجسٹر ہوں۔اپنی پروفائل میں آئندہ کسی بھی تبدیلی یا درستگی کیلئے اپنا ای میل اور پاس ورڈ یاد رکھیں۔

(c) آن لائن انرولمنٹ ویب پورٹل پر رجسٹر ہونے کے بعد اپنا پروفائل اپ ڈیٹ کریں۔

(d) پروفائل مکمل کرنے کے بعد انرولمنٹ کے بٹن پر کلک کریں۔

(e) اپنی میٹرک کی تفصیلات کے مطابق اپنا ڈیٹاrequired field میں ٹائپ کریں۔

(f) اپنی پاسپورٹ سائز تصویر(نیلے بیک گراؤنڈ کے ساتھ)، میٹرک کی مارکس شیٹ اور کالج میں داخلہ کی رسید اپ لوڈ کریں۔

(g) ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی کے علاوہ کسی دوسرے بورڈ سے میٹرک پاس کرنے والے طلباء اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی سے جاری کی گئی پرمیشن اور متعلقہ بورڈ سے جاری کی گئی مائیگریشن اپ لوڈ کریں۔

# اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، کراچی

بختیاری یوتھ سینٹر، نارتھ ناظم آباد، کراچی۔74700

https://www.facebook.com/BIEKarachi/
Website: www.biek.edu.pk


(h) اولیول کے امتحانات میں کامیابی حاصل کرنے والے طلباء مائیگریشن کی جگہ اپنا آئی بی سی سی (IBCC) سے بنوایا گیا equivalence certificate اپ لوڈ کریں۔

(i) تمام تفصیلات درج کرنے اور اسناد منسلک کرنے کے بعد سسٹم پُر کیا گیا فارم پی ڈی ایف (PDF) فارمیٹ میں دکھائے گا۔ مکمل فارم کو ڈاؤن لوڈ کر کے پرنٹ کریں۔

(j) پرنٹ کیے گئے انرولمنٹ فارم کی ہارڈ کاپی اپنے متعلقہ کالج میں جمع کرائیں۔

## تعلیمی اداروں کیلئے ضروری ہدایات:

(1) آن لائن انرولمنٹ ویب پورٹل https:/institute.biek.edu.pk کھولیں جو خاص طور پر تعلیمی اداروں کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

(2) ویب پورٹل میں انٹر بورڈ کراچی کے آئی ٹی سیکشن کی طرف سے فراہم کردہ اپنی آئی ڈی اور پاس ورڈ ٹائپ کریں۔

(3) ویب پورٹل پر لاگ ان ہونے کے بعد اپنے تعلیمی ادارے میں زیر تعلیم طالبعلموں کی تصدیق کریں۔ طلباء کی جانب سے فراہم کردہ انرولمنٹ فارم میں درج شدہ کوائف (کالج کا نام، گروپ وغیرہ)، طالب علم کی تصویر اور جمع کرائی گئی اسناد (میٹرک مارکس شیٹ وغیرہ) کے درست ہونے کی تصدیق کریں۔ (طلباء کی ایسی تصاویر جو درج بالا فارمیٹ کے مطابق نہیں کھینچی گی ہوں، سیلفیز اور جعلی دستاویزات قابل قبول نہیں ہوں گی اور انرولمنٹ فارم سمجھا جائے گا۔)

(4) اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی کی جانب سے انرولمنٹ فارم جمع کروانے کی تاریخوں کے اعلان کے بعد ویب پورٹل فعال ہو جائے گا۔ کالجز کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ جمع کرائے گئے انٹرولمنٹ فارمز اور طلباء کے کوائف لازمی طور پر چیک کر کے ان کی تصدیق کرے۔

(5) تعلیمی ادارے کو انرولمنٹ پورٹل پر اپنے ہر طالب علم کا فارم منظور کرنا ہوگا۔ ہر تعلیمی ادارہ ویب پورٹل سے اپنے طلباء کی فہرست کیو آر (QR) کوڈ کے ساتھ ڈاؤن لوڈ کرے گا۔ طلباء کی تین فہرستیں (اکاؤنٹس، انرولمنٹ اور آئی ٹی سیکشن) کیلئے ڈاؤن لوڈ کر کے تعلیمی ادارے کے سربراہ کے دستخط کے ساتھ بشمول فیس واؤچر / سلپ (جہاں ضرورت ہو) انٹر بوڈ کے اکاؤنٹس سیکشن میں جمع کروائے گا۔

(6) اگر طالبعلم نے ثانوی تعلیمی بوڈ کراچی کے علاوہ کسی اور بورڈ سے میٹرک پاس کیا ہے تو اس کیلئے چینج آف بورڈ کی پرمیشن اور متعلقہ تعلیمی بورڈ کے جاری کردہ اوریجنل مائیگریشن سٹرفکیٹ کی اسکین کاپی درکار ہوگی۔ اسی طرح اگر طالب علم نے 2022ء سے پہلے میٹرک پاس کیا ہے تو اس کیلئے گیپ پرمیشن درکار ہوگی۔ اگر طالبعلم نے G.C.E (O Level) کے امتحانات میں کامیابی حاصل کی ہے تو آئی بی سی سی (IBCC) کی طرف سے جاری کیا گیا equivalence certificate درکار ہوگا۔ (تمام دستاویزات انرولمنٹ ویب پورٹل پر اپ لوڈ کرنا ہوں گی)

(7) ایسے امیدوار جو اسی کالج اور فیکلٹی سے دوبارہ انٹرمیڈیٹ حصہ اول کے امتحانات میں شرکت کرنا چاہتے ہیں انہیں دوبارہ انرولمنٹ فارم جمع کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ایسے امیدوار صرف حصہ اول کے امتحانی فارم کے ساتھ Repeat Permission منسلک کریں گے۔ Repeat Permission کا فارم انٹر بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

(8) تعلیمی ادارے ایسے امیدواروں کی فہرست اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کو بھیجنے کے پابند ہوں گے جنہیں عبوری داخلہ دیا گیا ہے ساتھ ہی عبوری داخلہ دینے کی وجوہات بھی بتانا ہوں گی۔ انرولمنٹ فارم فوری طور پر اہلیت کے سٹرفکیٹ کے ساتھ بورڈ کو بھیجے جائیں۔

(9) ایسے طلبہ جنہوں نے ٹیکنیکل اسکول سٹرفکیٹ کا امتحان پاس کیا ہے یا وہ طلبہ جنہوں نے کمپیوٹر سائنس کے ساتھ میٹرک کا امتحان دیا ہے وہ پری میڈیکل گروپ میں داخلہ لینے کے اہل نہیں ہیں۔

(10) کسی ایسے تعلیمی ادارے کے انرولمنٹ فارمز قبول نہیں کیے جائیں گے جن کا الحاق اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی سے نہیں ہے۔